Urdu

Oslo

FACT ung دیں خوش آمدیم

ہم ایک صحتی ٹیم ہیں جو آپ کو، جو 12 سے 18 سال کی عمر کے درمیان ہیں، زندگی کے مختلف اہم پہلوؤں میں پیش آنے والی مشکلات کے لیے مدد اور علاج فراہم کرتی ہے۔ ان مشکلات میں ذہنی صحت کے مسائل، منشیات کا استعمال، سکول سے غیر حاضری، دوستوں کے ساتھ مسائل، یا گھر اور فیملی میں مشکلات شامل ہو سکتی ہیں۔ اگر آپ نے پہلے مختلف اداروں سے مدد لی ہے لیکن حالت بہتر نہیں ہوئی، تو FACT ung آپ کے لیے مفید ہو سکتا ہے۔

یہ آپ خود طے کرتے ہیں کہ ہم آپ کے ساتھ کہاں ملیں گے اور آپ کے ساتھ کون موجود ہو۔

ہم عملی مدد فراہم کر سکتے ہیں، آپ کے ساتھ ملاقاتوں میں جا سکتے ہیں، آپ سے گفتگو کر سکتے ہیں یا آپ کے ساتھ سرگرمیاں کر سکتے ہیں۔

اگر آپ FACT ung سے مدد چاہتے ہیں تو آپ کو BUP کے لیے ایک رسمی ریفرل کی ضرورت ہوتی ہے۔ آپ اپنے فیملی ڈاکٹر، صحت نرس، BUP، بچوں کی بہبود کی خدمات (Barnevern)، یا علاقہ کے دیگر رابطہ کار افراد سے اس بارے میں بات کر سکتے ہیں۔

تعاون

FACT ung دوسرے اداروں کے ساتھ مل کر کام کرتا ہے تاکہ آپ کو وہ مدد ملے جو آپ کے لیے سب سے بہتر ہو۔



ہم مثال کے طور پر تفریحی خدمات، سکول، سکول کی صحت کی خدمات، تعلیمی و نفسیاتی سروس، بچوں کی بہبود کی خدمات، BUP اور NAV کے ساتھ تعاون کر سکتے ہیں۔ ہم مل کر ایسے اچھے حل تلاش کرتے ہیں جو آپ کی صورتحال بہتر بنا سکیں۔

آپ کی فیملی کا آپ کی موجودہ حالت کے ساتھ ایک گہرہ تعلق ہے۔ ہم والدین کے لیے بھی گفتگو اور رہنمائی فراہم کرتے ہیں۔

شمولیت

ہمارے پاس آپ کو ترجیح دی جاتی ہے۔ آپ کی خواہشات اور ضروریات طے کرتی ہیں کہ ہم آپ کی کس طرح مدد کریں گے۔

آپ کے حقوق

جب آپ کسی صحت خدمت کے مریض یا اسے استعمال کرنے والے ہوتے ہیں، تو آپ کے پاس کئی حقوق ہوتے ہیں۔ ان میں سے کچھ یہ ہیں:

معلومات

آپ کو اپنی صحت کی حالت، اپنے حقوق اور آپ کو ملنے والے علاج کے بارے میں مکمل اور واضح معلومات معلومات حاصل کرنے کا حق ہے۔

رضامندی

جب آپ 16 سال کے ہو جاتے ہیں تو آپ صحت کی معاملات کے سلسہ میں میں خود فیصلے کرنے کے اہل ہو جاتے ہیں۔ اس کا مطلب ہے کہ جو علاج آپ کو ملے گا، اس کے لیے آپ کی رضامندی ضروری ہے۔ اگر آپ 16 سال سے کم ہیں تو رضامندی آپ کے والدین دیتے ہیں، لیکن آپ کو معلومات حاصل کرنے اور اپنی بات سنوانے کا حق ہے۔

رازداری

ہم جو اس ٹیم میں کام کرتے ہیں، رازداری کے پابند ہیں۔ اس کا مطلب ہے کہ ہمیں اجازت نہیں ہے کہ ہم کسی اور کو وہ باتیں بتائیں جو ہم آپ کے ساتھ گفتگو میں سنتے ہیں۔

جب آپ کسی صحت کی خدمت کے مریض یااس سے فائدہ اٹھانے والے ہوتے ہیں، تو آپ کے لیے بہت سے اضافی قوانین اور اصول بھی لاگو ہوتے ہیں۔ آپ کے ساتھ جب ملاقات ہو گی تو ہم جو FACT ung میں کام کرنے والے ہیں آپ کو اس کے بارے میں مزید معلومات دے سکتے ہیں۔